دس نکات، چھوٹی درمیانی اور نئی کمپنیوں کے وہ سی ای اوز جو اپنے عملے میں خواتین کی شرح بڑھانے سے مستفید ہونا چاہتے ہیں۔

1. ملازمت کے اشتہارات اور بھرتیوں کے عمل میں صنفی تعصب سے اجتناب کریں۔
2. کمپنی کی ویب سائٹ پر خواتین سائنسدانوں اور پروگرامرز کی زیادہ سے زیادہ تصاویر آویزاں کریں۔
3. تنخواہ کے معیار، کارکردگی کی پڑتال،اور ترقی کے عمل میں صنفی تعصب کو روکنے کے لیئے ایک نظام کو تخلیق کریں۔
4. تمام عملہ کو ملازمت کے اوقات کار کو اپنی سہولت کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب دیں۔
5. عملہ کو گھر سے کام کرنے کے لیئے تکنیکی ضروریات خصوصاً (انٹرنیٹ اور لیپ ٹاپ) فراہم کریں۔
6. دفتر آنے جانے کے انفرادی یا مشترکہ انتظامات جیسے شٹل سروس میں معاونت فراہم کریں۔
7. دفتروں کے داخلی راستوں کو روشن اور خوش وضع بنائیں۔
8. کام کے لیئے آرام دہ ماحول فراہم کریں بشمول (صاف غسل خانے اور نسوانی مصنوعات کو تلف کرنے کے لیئے مناسب سہولیات) اور اس ماحول کو فراہم کرنے کے لیئے خواتین کی رائے کو مدِ نظر رکھیں۔
9. کام کی کچھ ایسی ذمہ داریوں کو فروغ دیں جہاں کچھ تکنیکی عملہ صرف دن کے اوقات کار میں کام کرے۔
10. خواتین کو حوصلہ افزائی اور معاونت فراہم کریں تاکہ وہ مشکل منصوبوں اور کاموں کو سرانجام دے سکیں۔

****